میوزک ۔ چترگپتا

بھاگیودے پکچرز کا نیا رکردہ

الجھن

اداکاران

نلنی جیونت ۔ اجیت ۔ کمل کپور ۔ تواری
درگا کھوٹے اور جانی واکر

قیمت ۱ر

رتن اینڈ کو بکسیلرز دریبہ کلاں دھلی

انصاف کے گانے

گانا نمبر ۱

مست رات ہے تو بھی ساتھ ہے دل کی بات ذرا سن لے
روٹھ جائے نہ زندگی پھول پیار کے چن لے مست رات...

میں لائی ہوں چاند کا پیالہ موسم ہے آج متوالا
آنکھوں کی مستیاں پی لے باہوں میں جھوم کے جی لے
میرے سوا کیا میرے دلربا پھول پیار کے چن لے
مست رات...

محفل شباب ہے میرا بادل نقاب ہے میرا
گلفام مہ رخ تو کر لے الفت سے جھولیاں بھر لے
میں ہوں چاندنی میں ہوں پھلجھڑی پھول پیار کے چن لے
مست رات...

تاروں کے باغ سے اتری اپنی ہی آگ میں نکھری
جلوؤں کے باغ میں کھو جا نینوں کی چھاؤں میں سو جا
تو بہار ہوں تیرا پیار ہوں پھول پیار کے چن لے
مست رات..

گانا نمبر ۲

زندگی میں حسن ہے حسن میں غرور ہے
اک نئی بہار ہے اک نیا سرور ہے
کچھ نہ کچھ ضرور ہے جی کچھ نہ کچھ ضرور ہے

آنکھ میں ارماں جیا لیتی ہے انگڑائیاں
جاگتی ہیں دھڑکنے ہنستی ہیں تنہائیاں
ہر ادا میں شوخیاں ہر نظر میں نور ہے
کچھ نہ کچھ ...
اتنی سنورنے لگی ہو میری سرکار کیوں
دیکھتی ہو آئینہ دن میں کئی بار کیوں
کیا کہیں دل آگیا بات کیا حضور ہے
کچھ نہ کچھ ...
ایسی نہ بات کرو روٹھ کے چل دیں گے تم
دل جو کہیں آئیگا دل کو مسل دیں گے ہم
ہم کو اپنے آپ پر ناز ہے غرور ہے
کچھ نہ کچھ

گانا نمبر ۳

رفیع دولت کے اندھیرے میں تیرا کھو گیا ایمان
تم کو نہ رہی اپنے پرائے کی پہچان
مغرور نہ ہو اپنے مقدر پہ اے او ناداں
اللہ کی نظروں میں برابر ہیں سب انسان
دنیا کا عجیب رنگ نظر آنے لگا ہے
اک بھائی ہے جو بھائی سے ٹکرانے لگا ہے
اک بیٹا ہے جو ماں کو ٹھکرانے لگا ہے
افسوس کہ انسان بنا جاتا ہے شیطان

ظالم کو ہر ایک ظلم سے باز آنا پڑیگا
ٹوٹی ہوئی ہر چیز کو لوٹانا پڑے گا
انصاف کی آواز سے جھک جانا پڑیگا
قدرت کا یہ قانون بدلنا نہیں آسان
اللہ کی ... ۔

یہ ساز یہ محفل یہ ترانے نہ رہیں گے
یہ حسن و محبت کے فسانے نہ رہیں گے
مٹ جائیگا اک پل میں گناہوں کا یہ سامان
اللہ کی ...

گانا نمبر ۴

یاری ایسی آن پھنسی ہے غلط ہوئی ہر چال
جینا مشکل رہنا مشکل برا ہوا ہے اپنا حال
میرے مولا کرشمہ دکھا دے مجھے مکھی بنا دے
چاہے مچھر بنا دے کہ میں اڑ جاؤں بھن بھن بھن
پھندہ گلے میں پڑا ہے مجھے رہ رہ کے آتی ہے کھانسی
مچھلی سا تڑپے کلیجہ میری آنکھوں میں پھرتی ہے پھانسی
دانہ پانی یہاں کا دے میرے مولا کرشمہ دکھا دے
بدلا ہے کیسا زمانہ مجھے دن میں بھی دکھتے ہیں تارے
لگتی ہے مجھ پہ جدائی غم میں جانے مجھے ایسے مارے
میرے دل سے یہ دھڑک ہٹا دے میرے مولا...

گانا نمبر ۵

نظر سے نظر اُلجھ گئی ہے ابھی محبت نئی نئی ہے
لُٹا کے دِل کو بہت خوشی ہے ابھی محبت نئی نئی ہے
نشہ سا آنکھوں میں جھومتا ہے زمانہ قدموں کو چومتا ہے
وہ کیا ملے زندگی ملی ہے ابھی محبت نئی نئی ہے
نظر ملی دو تو مسکرائے ۔ دِل اُن پہ آیا وہ دِل میں آئے
اسی طرح بات بڑھ گئی ہے ابھی محبت ۔ ۔ ۔
یہ دھڑکنیں اور یہ بے قراری ۔ کہیں نکل جائے بات ساری
ابھی یہ حالت چھپی ہوئی ہے ابھی محبت ۔ ۔ ۔

گانا نمبر ۶

دِل بے نظر ہے پیار کا ڈر ہے
پہلے تو ہوگا یہ ہم کو خبر ہے
پیار کی بات کیا اب ستم نا حُسن کا دشمن ہے یہ زمانہ
پھول سے نازک میرا جگر ہے ۔ دِل بے نظر ہے ۔ ۔ ۔
آگ ہے دِل میں دب کے رہتی ہے میری محبت بند کلی ہے
جلنے کہاں تک میرا سفر ہے ۔ دِل بے نظر ہے ۔ ۔ ۔

گانا نمبر ۷

کہیں تو پھول خوشی کے کھلا دیئے تُو نے
ہمارے دِل میں تو کانٹے چبھا دیئے تُو نے
روتی ہے قسمت ہنستی ہے دُنیا
دیکھ لیا غم کا نظارہ
سامنے تیرے دُنیا کے مالک ڈوب گیا دِل کا ستارا

تیرے جہاں نے ڈھائے ستم
جب تو بھی سیتا منہ موڑ کے، مجھ کو مِلا کیا اُنا تیا دے
پیار میرا دل توڑ کے بیچ بھنور کے دل کا سفینہ
دور ہوا ہم سے کنارا — سامنے تیرے...
غم کے دھویں سے بے چین ہوں میں
گھٹتا ہے دم فریاد کا چاند بھی مجھ کو آنکھ دکھائے
کون یہاں برباد کیا، انصاف والے انصاف کر دے
کوئی نہیں ہے اب تو ہمارا — سامنے تیرے...

گانا نمبر ۸
دو دِل دھڑک رہے ہیں مگر آواز ایک ہے
نغمے جدا جدا ہیں مگر ساز ایک ہے
رنگین میرا ادا ہے کہ بے چین ہر نظر ہے
اِک درد سا اِدھر ہے۔ اِک درد سا اُدھر ہے
دونو کی بے قراری کا انداز ایک ہے — نغمے جدا...
شرمائیے نہ ہم کو شرمایئے نہ ہم سے
دونو کی زندگی ہے اِک دوسرے کے دم سے
ہم دو کہانیاں ہیں راز ایک ہے
نغمے جدا...

ختم شد

فلم میں بھرتی ہونے سے پیشتر اپنے آپکو ایکٹر بنا لینا ضروری ہے

فلم ایکٹنگ گائڈ کا مطالعہ کیجئے

اس کتاب میں ایکٹر بننے کے طریقے درج کئے گئے ہیں۔ ایکٹنگ کیا ہے۔ اور کیسے کیا جاتا ہے۔ ایکٹر بننے اور بھرتی ہونے کیلئے کیا کیا ہونا ضروری ہے۔ تمام باتیں آسان اردو زبان میں لکھی گئی ہیں۔ آخر میں تمام مشہور فلم کمپنیوں کے پتے ایکٹروں اور ایکٹریسوں کے حالات نیز پرائیویٹ پتے بھی درج کر دیئے گئے ہیں۔ تاکہ ہر شخص کو ان سے خط و کتابت کرنے میں آسانی ہو۔

قیمت صرف ۱۔۱۔۱ عہ محصولڈاک معاف

فلمی ایکٹریسوں کا خوبصورت البم

اگر آپ ہندوستان کی سب فلم کمپنیوں میں کام کرنیوالی فلم ایکٹریسوں کی کیمرہ سے کھینچی ہوئی خوبصورت تصویریں دیکھنا چاہتے ہیں۔ تو آج ہی فلم ایکٹریسوں کی تصویروں کا خوبصورت البم منگا کر آپ اپنی طبیعت خوش کریں۔ یہ تصویریں دیکھنے سے تعلق رکھتی ہیں۔

قیمت فی البم ۱۔۱۰۱ عہ محصولڈاک معاف

رتن اینڈ کو بک سیلرز دریبہ کلاں دہلی